© rasailojaraid.com

قیمت : ۱۸۰ روپے
ناشر : مکتبہ سلفیہ شیش محل روڈ ، لاہور نے شائع کی ہے ۔

اس کتاب کا موضوع اگرچہ عبدیہ زاہد الکوثری کے خطیب بغدادی پر اعتراضات والزامات کا دفیعہ ہے ۔ لیکن حقیقتہً یہ مسلک اہلحدیث اور کتاب وسنت کے عقائد و افکار کی ترویج اور اشاعت اور ان کا بے نظیر دفاع ہے ۔ اس کتاب میں علامہ یمانی مرحوم نے بدلائل قاطعہ اس بات کو صریحاً بتایا ہے کہ تعصب وجمود اور تقلید کے نتیجہ میں جس قدر اسلاف اور بزرگوں کی بے ادبی اور توہین ہوتی ہے اس قدر اتباع کتاب وسنت اور تقلید وتعصب سے آزادی میں نہیں ہوتی ۔ کیونکہ کسی بھی متعین بزرگ کی تقلید کی صورت میں دوسروں کی تنقیص لازمی اور حتمی بن جاتی ہے ۔ تاکہ اپنے مطاع ومقتدر اور بالاتر ثابت کیا جائے ۔ اور یہ تبھی ہو سکتا ہے جب دوسرے فروتر اور کمتر قرار دیئے اور ثابت کئے جائیں ۔

علامہ یمانی مرحوم نے اس بات کو تحریرات علامہ کوثری کی روشنی میں خوب خوب نمایاں کیا ہے ۔ اس کتاب کی اہمیت میں عصر حاضر کے عظیم محقق جناب علامہ شیخ ناصر الدین البانی کی تحقیقات و تعلیقات نے اور اضافہ کر دیا ہے ۔

علماء اور علوم دینیہ کے طالب علموں کے لئے یہ کتاب بہترین تحفہ ہے ۔

© rasailojaraid.com